ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((366

07.07.24

# بہاول پور(    )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سیکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران و اہلکار ڈیوٹی پر تعینات، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او اسد سرفراز خان خان کے احکامات کی روشنی میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکار تعینات کیے گئے۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیا اور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی، بعدازاں سیکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ڈی پی او اسد سرفراز خان نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر مامور افسران اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد گشت کو ہر صورت یقینی بنائیں، کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے اردگرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں، معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سیکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے، غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سیکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں، ایسے مقامات کی سیکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوں ایسی جگہوں پر امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا نہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر کی مسیحی عبادت گاہوں پر پولیس کے افسران وجوان الرٹ ہوکر ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس بہاولپور/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((367

07.07.24

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ہدایت پر محرم الحرام کے پیش نظر امن وامان کے حوالے سے بہاولپور پولیس کا شہر بھر میں گزشتہ روز فلیگ مارچ،شر پسند عناصر کو واضح پیغام،کسی بھی غیر قانونی سرگرمی کی صورت میں آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیل کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ہدایت پر پولیس نے شہر بھر میں موجودہ ملکی حالات اور سیکیورٹی صورتحال وامن وامان کے حوالے سے فلیگ مارچ کیا گیا۔ فلیگ مارچ کی قیادت ایس ڈی پی او سٹی سرکل بہاولپور محمد یونس نے کی ۔فلیگ مارچ میں سٹی وصدر سرکل کے ایس ایچ اوز،ڈولفن اسکواڈ ،ایلیٹ فورس،ٹریفک پولیس اور معاون اداروں نے حصہ لیا۔ڈی پی او بہاولپور نے اس موقع پر بات کرتے ہوئے کہا کہ فلیگ مارچ کا مقصد شہریوں میں احساس تحفظ پیدا کرنا اور ضلع بھر میں امن وامان کی صورتحال کو برقرار رکھنا ہے۔عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جارہا ہے۔شر پسند عناصر کو واضح پیغام ہیکہ قانون شکنی کرنے والے عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا،کسی کو امن وامان کی صورتحال خراب کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی ۔فلیگ مارچ پولیس لائن سے شروع ہوکر شہر کے مختلف راستوں ڈی سی چوک،ون یونٹ چوک،بغداد چیک پوسٹ،صدر پلی،کالی پلی سے قائد چیک پوسٹ،لائبریری چوک سے سرکلر روڈ،ختم نبوت چوک،دبئی چوک سے پرانی چونگی سے گلبرگ روڈ سے راجہ پمپ سے سرائیکی چوک،سمیع اللہ چوک،سٹی ہوٹل چوک ،بندرہ پلی،میکڈونلڈ چوک،واپس لاری اڈا سے ہوتا ہوا پولیس لائن پر اختتام پزیر ہوا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی ہدایت پر محرم الحرام کے پیش نظر امن وامان کے حوالے سے بہاولپور پولیس کا شہر بھر میں فلیگ مارچ